


ورلڈ فیڈریشن کے صدر - الحاج صفدر جعفر کا حالیہ دورہ پاکستان ۲۴ اکتوبر سے ۲۷ اکتوبر تک جاری رہا، جس میں کمیونٹی کی ترقی اور معاشی و سماجی فلاح و بہبود میں نمایاں پیش رفت کو اجاگر کیا گیا۔ اس سفر کا مقصد پاکستان میں کمیونٹی کی معاشی و روحانی ترقی کے عزم کو مضبوط کرنا تھا۔

## South Punjab

24-25 October 2024

## اجتماعی شادی کی تقریب




ورلڈ فیڈریشن کے صدر الحاج صفدر جعفر نے جنوبی پنجاب کے شہر مظفرگڑھ میں اجتماعی شادی کی تقریب میں شرکت کی، جس میں مستحق جوڑوں کے ملاپ کو سراہا گیا۔ اس سالانہ منصوبے میں معاونت محسن اور فوزیہ جعفر فاؤنڈیشن کرتی ہے۔ اس اہم اقدام کے تحت ہر جوڑے کو ابتدائی ضروری گھریلو اشیاء فراہم کی گئیں تاکہ وہ اپنی نئی زندگی کا آغاز آسانی اور استحکام کے ساتھ کر سکیں۔

# پانی کے فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح




ورلڈ فیڈریشن کے صدر نے جنوبی پنجاب کے دورے کے دوران ملتان میں WF-AID کے علی اصغر واٹر اپیل پروجیکٹ کے تحت، آر او فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح کیا۔ یہ اہم منصوبہ مقامی آبادی کو صاف اور شفاف پینے کا پانی فراہم کرنے کا مقصد رکھتا ہے اور علاقے کی ایک بڑی ضرورت کو پورا کرتا ہے۔

# معاشی فلاح و بہبود پروگرام

## چھوٹے کاروبار کی حمایت




کفیل جنرل اسٹور کا افتتاح

## ہاؤسنگ پروجیکٹ




جنوبی پنجاب، مظفرگڑھ کے ایک گاؤں میں بیواؤں کے لئے زیرِ تعمیرہاؤسنگ پروجیکٹ کا دورہ کیا

## شجرکاری




احول کے فروغ کے لئے درخت لگانے کا منصوبہ

# چھوٹے پیمانے پر پولٹری فارمنگ




محسن اور فوزیہ جعفر فاؤنڈیشن کی معاونت سے خواتین کو معوشی خودمختار بنانے کا منصوبہ

# لوڈر رکشہ




لوڈر رکشہ کی حوالگی

# ماڈل کالونی




ورلڈ فیڈریشن کی معاونت سے ایک ماڈل کالونی قائم کی جارہی ہے جس میں ایک مسجد، پانی کا فلٹریشن پلانٹ، لڑکیوں کا اسکول، اور رہائش شامل ہیں۔ جس کا مقصد کمیونٹی کو بااختیار بنانا اور پاکستان کے دیہی علاقوں میں مومنین کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے۔

## Karachi

26-27 October 2024

# فاطمیہ ایجوکیشن نیٹ ورک میں کمیونیٹی کے تعلیمی سربراہان و ماہرین کے ساتھ نشست



ورلڈ فیڈریشن کے صدر - الحاج صفدر جعفر نے کراچی میں KPSIAJ کے زیر اہتمام کمیونٹی اسکولوں کے تعلیمی سربراہان اور تعلیمی ماہرین کے ساتھ ایک تعمیری ملاقات کی۔ اس ملاقات میں تعلیمی معیار کو فروغ دینے اور طلباء کے لئے اثر انگیز تعلیمی ماحول کی تخلیق کے لئے مشترکہ حکمت عملیوں پر بات چیت کی گئی۔ یو این ڈی پی کے ترقیاتی اہداف اور اقدار پر مبنی تعلیم پر بھی جامع گفتگو ہوئی۔

## خوجہ (پیرائی) شیعہ اثنا عشری جماعت اور پاکستان فیڈریشن کے ساتھ ملاقات



ورلڈ فیڈریشن کے صدر - الحاج صفدر جعفر نے خوجہ (پیرائی) شیعہ اثنا عشری جماعت (KPSIAJ) اور پاکستان فیڈریشن مینجمنٹ کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقات کی۔ اس ملاقات میں تمام منصوبوں اور ان کی عملی پیش رفت پر جامع جائزہ لیا گیا اور کمیونٹی سروسز کو مضبوط کرنے کے لئے تبادلہ خیال کیا گیا۔

# خوجہ ہیریٹیج ڈے




صدر نے خوجہ ہیریٹیج کی سالانہ تقریب میں خطاب کیا، جو کراچی سے براہ راست نشر کیا گیا

# مرحوم محمد علی جعفری کے لئے یادگاری تقریب




مرحوم محمد علی جعفری کے اعزاز میں ایک تعزیتی جلسہ منعقد کیا گیا جس میں کمیونٹی کے افراد اور ضلع بدین کی جماعتیں بھی شریک ہوئیں جو کراچی میں اس عظیم کمیونٹی ورکر کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے آئی تھیں۔

# بدین فیڈریشن کے ساتھ ملاقات



ورلڈ فیڈریشن کے صدر نے بدین فیڈریشن اور بدین کی تمام جماعتوں کے صدور کے ساتھ ایک اعزازی ملاقات میں شرکت کی، جس میں بدین کی کمیونٹی کی ضروریات اور ترقی کے مواقع پر بات چیت کی گئی۔ یہ ملاقات مشترکہ اہداف کے تبادلہ خیال، تعلقات کو مضبوط بنانے، اور مقامی کمیونٹیوں کی فلاح و بہبود اور بااختیار بنانے کے لئے مشترکہ اقدامات کے لئے ایک قیمتی موقع ثابت ہوئی۔

# کمیونٹی کے پروفیشنل افراد کے ساتھ ملاقات



صدر نے کراچی میں نوجوان پروفیشنلز کے ایک سیشن میں خطاب کیا

ورلڈ فیڈریشن کے صدر نے کراچی میں نوجوان پروفیشنلز کے ساتھ ایک سیشن میں شرکت کی، جس میں KPSIAJ کمیونٹی کے پروفیشنلز کے ساتھ تبادلہ خیال کیا کہ کس طرح کمیونٹی اپنی کارکردگی کو بہتر بنا سکتی ہے اور نوجوان پروفیشنلز کے ساتھ اشتراک کے چیلنجز اور مواقع کا جائزہ لیا گیا۔

# خوجہ ہیریٹیج پروجیکٹ یوتھ ایونٹ




ورلڈ فیڈریشن کے صدر نے خوجہ ہیریٹیج پروجیکٹ یوتھ ایونٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے نوجوانوں کے ساتھ گفتگو کی اور ثقافتی ورثے کی حفاظت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اس کے بعد انہوں نے سندھ کے وزیر برائے ثقافت و ورثہ، سید ذوالفقار علی شاہ سے ملاقات کی، جس میں خطے میں خوجہ ورثے کے فروغ اور تحفظ کے لئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔

# KPSIAJ کی مینیجنگ کمیٹی کے ساتھ ملاقات



KPSIAJ کی مینیجنگ کمیٹی کے ساتھ ایک میٹنگ میں جاری سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کراچی میں کمیونٹی کی مستقبل میں ہونے والی پیشرفت اور خاص طور پر، معاشی استحکام، صحت اور تعلیم کے شعبے میں جاری سرگرمیوں خصوصاً مستقبل کی ترقیاتی امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔